# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON SCIENCE AND TECHNOLOGY ON NATIONAL UNIVERSITY OF TECNOLOGY (AMENDMENT) BILL,2024

I, Chairman of the Standing Committee on Science and Technology have the honor to present this report on the Bill further to amend the National University of Technology Act, 2018 (VI of 2018) [The National University of Technology (Amendment) Bill, 2024] (Government Bill), referred to the Committee on 19th April, 2024.

2. The Committee comprises the following:

| | |
|---|---|
| **1) Khawaja Sheraz Mehmood** | **Chairman** |
| 2) Mr. Muhammad Afzal | Member |
| 3) Begum Tehmina Daultana | Member |
| 4) Mr. Aamir Talal Khan | Member |
| 5) Mr. Hafeez Ur Rehman Khan Drishak | Member |
| 6) Ms. Muneeba Iqbal | Member |
| 7) Syed Mustafa Mehmood | Member |
| 8) Mr. Irfan Ali Leghari | Member |
| 9) Jam Abdul Karim Bijar | Member |
| 10) Mr. Ramesh Lal | Member |
| 11) Ms. Mahtab Akbar Rashdi | Member |
| 12) Mr. Sadiq Iftikhar | Member |
| 13) Mr. Sher Afzal Khan | Member |
| 14) Mr. Khurram Shahzad Virk | Member |
| 15) Mian Ghous Muhammad | Member |
| 16) Mr. Muhammad Moazzam Ali Khan | Member |
| 17) Dr .Khalid Maqbool Siddiqui<br>Minister for Science and Technology | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at Annex-A, in its meeting held on 13th August, 2024 and unanimously recommended that the Bill, as introduced, may be passed by the National Assembly.

Sd/-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary General
Islamabad, the 2nd -September,2024

**Sd/-**
**(KHAWAJA SHERAZ MEHMOOD)**
Chairman

Annex-A

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**
**BILL**

*to amend the National University of Technology Act, 2018*

**WHEREAS,** it is expedient to amend the National University of Technology Act, 2018 (VI of 2018), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement. —** (1) This Act shall be called the National University of Technology (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of preamble, Act VI of 2018.-** In the National University of Technology Act, 2018 (VI of 2018), hereinafter called as the said Act, in the preamble, after the word "fields", the expression "of science, engineering, technology" shall be inserted.

3. **Amendment of section 4, Act VI of 2018:-** In the said Act, in section 4, —

(i) in sub-section (1),—

(a) after the word "engineering", a comma shall be inserted; and

(b) after the words "capable of", the expression "creating," shall be inserted; and

(ii) in sub-section (2),Clause (xxxvi), occurring for the second time, and clause (xxxvii) shall be re-numbered as clauses (xxxvii) and (xxxviii) respectively.

**STATEMENT OF OBJECTIVES AND REASONS**

NUTECH was established as a university through an Act of Parliament in 2018, to create, develop, implement and promote existing and emerging technologies and produce the future employable workforce capable of enhancing industrial growth and economy of the Country. NUTECH needs to integrate knowledge of science, engineering and technology to produce Industry leaders, technopreneurs and technical workforce embodied with the spirit of innovation, discovery, technology creation and allied skills.

Being technology university, the academics and research programs at NUTECH entail acquisition and creation of knowledge in multi-disciplinary sciences, engineering and emerging technologies; hence calls for undergraduate and graduate studies in all above said domains.

In the course of operation, an error was found in the NUTECH Act. A comma, which was originally to be placed in section 4, sub section (1) after the word engineering was missing and also insertion of word "creating" after the word " capable of".

The proposed Bill will provide legal cover and to align with the mandate of University through said amendments.

The Bill seeks to achieve the above said objects.

**(Dr. Khalid Maqbool Siddiqui)**
**Minister for Science & technology**

## قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**قومی یونیورسٹی برائے ٹیکنالوجی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے سائنس وٹیکنالوجی کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے سائنس وٹیکنالوجی ۱۹/اپریل، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی یونیورسٹی برائے ٹیکنالوجی ایکٹ، ۲۰۱۸ء (نمبر ٦ بابت ۲۰۱۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی یونیورسٹی برائے ٹیکنالوجی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | خواجہ شیراز محمود | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب محمد افضل | رکن |
| ۳۔ | بیگم تہمینہ دولتانہ | رکن |
| ۴۔ | جناب عامر طلال خان | رکن |
| ۵۔ | جناب حفیظ الرحمن خان دریشک | رکن |
| ٦۔ | محترمہ منیبہ اقبال | رکن |
| ۷۔ | سید مصطفیٰ محمود | رکن |
| ۸۔ | جناب عرفان علی لغاری | رکن |
| ۹۔ | جام عبدالکریم بجار | رکن |
| ۱۰۔ | جناب رمیش لال | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ مہتاب اکبر راشدی | رکن |
| ۱۲۔ | جناب صادق افتخار | رکن |
| ۱۳۔ | جناب شیر افضل خان | رکن |
| ۱۴۔ | جناب خرم شہزاد ورک | رکن |
| ۱۵۔ | میاں غوث محمد | رکن |
| ۱٦۔ | جناب محمد معظم علی خان | رکن |
| ۱۷۔ | ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی<br>وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۳/اگست، ۲۰۲۴ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور متفقہ طور پر یہ سفارش کی کہ قومی اسمبلی پیش کردہ صورت میں بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، ۲ ستمبر، ۲۰۲۴ء

دستخط/۔
(خواجہ شیراز محمود)
چیئرمین

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# قومی یونیورسٹی برائے ٹیکنالوجی ایکٹ، ۲۰۱۸ میں ترمیم کرنے کا

# بل

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ قومی یونیورسٹی برائے ٹیکنالوجی، ایکٹ، ۲۰۱۸ء (نمبر ۶ بابت ۲۰۱۸ء)، میں بعدازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اور طریق کار میں ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:** (۱) یہ ایکٹ قومی یونیورسٹی برائے ٹیکنالوجی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۶ بابت ۲۰۱۸ء، ابتدائیہ کی ترمیم:** قومی یونیورسٹی برائے ٹیکنالوجی ایکٹ، ۲۰۱۸ء (نمبر ۶ بابت ۲۰۱۸ء) میں، جس کا بعدازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، ابتدائیہ میں، لفظ ''شعبہ جات'' سے پہلے عبارت ''سائنس، انجینئرنگ، ٹیکنالوجی کے'' کو شامل کردیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۶ بابت ۲۰۱۸ء، دفعہ ۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں،

(اول) ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(الف) لفظ ''انجینئرنگ'' کے بعد، سکتہ شامل کردیا جائے گا؛ اور

(ب) لفظ ''کی صلاحیت'' سے پہلے عبارت ''تخلیق کرنے،'' شامل کردی جائے گی؛ اور

(دوم) ذیلی دفعہ (۲) میں شق (۳۶) میں، دوسری مرتبہ آنے والی شق (۳۷) کو بالترتیب شقات (۳۷) اور (۳۸) کے طور پر شمار کیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

۲۰۱۸ء میں NUTECH کو پارلیمنٹ کے قانون کے ذریعے موجودہ اور ظہور پذیر ٹیکنالوجیز کو پیدا کرنے، فروغ دینے، اطلاق کرنے اور ترقی دینے اور مستقبل کے لیے قابل ملازمت افرادی قوت پیدا کرنے کے لیے بطور یونیورسٹی قائم کیا گیا جو ملکی صنعتی نشو و نما اور ملکی معیشت کو بڑھاوا دینے کے قابل ہو۔ NUTECH کو سائنس، انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی کے علم کو یکجا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ صنعتی رہبر، زیادہ ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے والے تاجر، اور تکنیکی افرادی قوت کو جدت، کھوج، ٹیکنالوجی کی تخلیق اور مشترکہ مہارتوں کے دم پر عملی شکل دی جاسکے۔

بطور ٹیکنالوجی یونیورسٹی کے، NUTECH میں تعلیمی اور تحقیقی پروگرامز سائنسز، انجینئرنگ اور ظہور پذیر ٹیکنالوجیز کے کثیر شعبہ جات میں علم کا حصول اور تخلیق عطا کرتے ہیں؛ لہذا مذکورہ بالا تمام عملداریوں میں انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ اسٹڈیز کے مواقع ہوں۔

اس عمل کے دوران، NUTECH کے قانون میں ایک غلطی پائی گئی، دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، اصل میں ایک سکتہ لفظ انجینئرنگ کے بعد ہونا چاہیے تھا جو کہ غائب ہے اور لفظ "صلاحیت" سے پہلے "تخلیق کرنے کی" شامل ہونا چاہیے۔

مجوزہ بل قانونی تحفظ فراہم کرے گا اور مذکورہ ترامیم کے ذریعے یونیورسٹی کے مینڈیٹ سے ہم آہنگ ہوگا۔

بل کا مقصد مذکورہ بالا مقاصد کا حصول ہے۔

**(ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی)**

**وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی**